# سُوْرَةُ الْحُجُرٰتِ مَدَنِيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

| | |
|---|---|
| يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا | اے لوگو جو ایمان لائے ہو نہ پیش قدمی کرو |
| بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ | آگے اللہ اور اس کے رسول کے اور ڈرو اللہ سے |
| اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ١ | بے شک اللہ ہے سب کچھ سننے والا اور سب کچھ جاننے والا ١ |
| يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَكُمْ | اے لوگو جو ایمان لائے ہو نہ بلند کرو اپنی آوازیں |
| فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوْا | اوپر نبی کی آواز کے اور نہ اونچی کرو اپنی آواز |
| لَهٗ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ | اس کے سامنے بات کرتے وقت جیسے اونچی آواز میں بولتے ہو تم |
| بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ اَنْ تَحْبَطَ | ایک دوسرے سے کہیں ایسا نہ ہو کہ غارت ہو جائیں |
| اَعْمَالُكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ٢ | تمہارے اعمال اور تمہیں خبر بھی نہ ہو ٢ |
| اِنَّ الَّذِيْنَ يَغُضُّوْنَ اَصْوَاتَهُمْ | بلاشبہ وہ لوگ جو پست رکھتے ہیں اپنی آواز |
| عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ | رسول اللہ کے حضور، یہی لوگ ہیں |
| امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ لِلتَّقْوٰى ؕ | جن کے دلوں کو جانچ لیا ہے اللہ نے تقویٰ کے لیے |
| لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ٣ | ان کے لیے ہے مغفرت اور اجرِ عظیم ٣ |
| اِنَّ الَّذِيْنَ يُنَادُوْنَكَ مِنْ وَّرَآءِ الْحُجُرٰتِ | درحقیقت وہ لوگ جو پکارتے ہیں تمہیں حجروں کے باہر سے |
| اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ٤ | ان میں سے اکثر بے عقل ہیں ٤ |
| وَلَوْ اَنَّهُمْ صَبَرُوْا حَتّٰى تَخْرُجَ | اور اگر وہ صبر کرتے یہاں تک کہ تم نکل کر آجاتے |
| اِلَيْهِمْ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ | ان کے پاس تو ہوتا یہ کہیں بہتر ان کے لیے |
| وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ٥ | اور اللہ ہے بہت درگزر فرمانے والا اور ہر حالت میں رحم کرنے والا ٥ |

| | |
|---|---|
| يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ جَآءَكُمْ | اے لوگو جو ایمان لائے ہو اگر لے کر آئے تمہارے پاس |
| فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْٓا اَنْ | کوئی فاسق کوئی خبر تو تحقیق کر لیا کرو کہیں ایسا نہ ہو کہ |
| تُصِيْبُوْا قَوْمًاۢ بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوْا | تم نقصان پہنچا بیٹھو کسی گروہ کو نادانستہ اور ہونا پڑے تمہیں |
| عَلٰى مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ ۝٦ | اپنے کیے پر نادم ۝٦ |
| وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ فِيْكُمْ رَسُوْلَ اللّٰهِ ؕ | اور خوب جان رکھو کہ بے شک تم میں موجود ہے اللہ کا رسول |
| لَوْ يُطِيْعُكُمْ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنَ الْاَمْرِ | اگر مان لیا کرے وہ تمہاری بات بہت سے معاملات میں |
| لَعَنِتُّمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ | تو تم مشکلات میں مبتلا ہو جاؤ لیکن اللہ نے محبت عطا کر دی ہے |
| اِلَيْكُمُ الْاِيْمَانَ وَزَيَّنَهٗ | تم کو ایمان کی اور پسندیدہ بنا دیا ہے اسے |
| فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَكَرَّهَ اِلَيْكُمُ الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ | تمہارے دلوں کے لیے اور نفرت دلا دی ہے تمہیں کفر سے اور فسق سے |
| وَالْعِصْيَانَ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الرّٰشِدُوْنَ ۝٧ | اور نافرمانی سے۔ ایسے ہی لوگ ہدایت یافتہ ہیں ۝٧ |
| فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَنِعْمَةً ؕ | اللہ کے فضل سے اور اس کے احسان سے |
| وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝٨ | اور اللہ ہے سب کچھ جاننے والا اور بڑی حکمت والا ۝٨ |
| وَاِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا | اور اگر دو گروہ اہل ایمان میں سے آپس میں لڑ پڑیں |
| فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا ۚ فَاِنْۢ بَغَتْ | تو صلح کرا دو ان دونوں کے درمیان پھر اگر زیادتی کرے |
| اِحْدٰىهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى فَقَاتِلُوا | ان میں سے ایک دوسرے گروہ پر تو جنگ کرو |
| الَّتِيْ تَبْغِيْ حَتّٰى تَفِيْٓءَ | اس سے جس نے زیادتی کی ہے یہاں تک کہ وہ پلٹ آئے |
| اِلٰٓى اَمْرِ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ فَآءَتْ | اللہ کے حکم کی طرف۔ پھر اگر وہ پلٹ آئے |
| فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ | تو صلح کرا دو ان دونوں گروہوں کے درمیان عدل کے مطابق |
| وَاَقْسِطُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۝٩ | اور انصاف کرو۔ بلاشبہ اللہ پسند کرتا ہے انصاف کرنے والوں کو ۝٩ |

| | |
|---|---|
| إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ إِخْوَةٌ فَأَصْلِحُوا | دراصل مومن تو آپس میں بھائی بھائی ہیں لہٰذا صلح کرادیا کرو |
| بَيْنَ أَخَوَيْكُمْ وَاتَّقُوا اللَّهَ | اپنے بھائیوں کے درمیان اور ڈرو اللہ سے |
| لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ ﴿١٠﴾ | امید ہے کہ تم پر رحم کیا جائے گا ﴿١٠﴾ |
| يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ | اے لوگو جو ایمان لائے ہو! نہ مذاق اڑائیں مرد |
| مِنْ قَوْمٍ عَسَىٰ أَنْ يَكُونُوا | مردوں کا ہوسکتا ہے کہ ہوں وہ (جن کا مذاق اڑایا جارہا ہے) |
| خَيْرًا مِنْهُمْ وَلَا نِسَاءٌ | بہتر مذاق اڑانے والوں سے اور نہ (مذاق اڑائیں) عورتیں |
| مِنْ نِسَاءٍ عَسَىٰ أَنْ يَكُنَّ | عورتوں کا، ہوسکتا ہے کہ ہوں وہ (جن کا مذاق اڑایا جارہا ہے) |
| خَيْرًا مِنْهُنَّ ۖ وَلَا تَلْمِزُوا | بہتر مذاق اڑانے والیوں سے۔ اور نہ عیب لگاؤ |
| أَنْفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوا | ایک دوسرے پر اور نہ یاد کرو ایک دوسرے کو |
| بِالْأَلْقَابِ ۖ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوقُ | برے القاب سے۔ بہت برا ہے نام پیدا کرنا فسق میں |
| بَعْدَ الْإِيمَانِ ۚ وَمَنْ لَمْ يَتُبْ | ایمان کے بعد اور جو نہ باز آئیں گے (اس روش سے) |
| فَأُولَٰئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ ﴿١١﴾ | سو یہی لوگ ہیں ظالم ﴿١١﴾ |
| يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اجْتَنِبُوا | اے لوگو جو ایمان لائے ہو بچتے رہو |
| كَثِيرًا مِنَ الظَّنِّ إِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ | بہت گمان کرنے سے، بلاشبہ بعض گمان |
| إِثْمٌ ۖ وَلَا تَجَسَّسُوا وَلَا يَغْتَبْ | گناہ ہوتے ہیں اور نہ تجسس کرو اور نہ غیبت کرے |
| بَعْضُكُمْ بَعْضًا ۚ أَيُحِبُّ أَحَدُكُمْ | کوئی کسی کی۔ کیا پسند کرے گا تم میں سے کوئی شخص |
| أَنْ يَأْكُلَ لَحْمَ أَخِيهِ مَيْتًا | کہ وہ کھائے گوشت اپنے مردہ بھائی کا |
| فَكَرِهْتُمُوهُ ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ ۚ | ظاہر ہے کہ گھن آئے گی تمہیں اس سے۔ پس ڈرو اللہ سے |
| إِنَّ اللَّهَ تَوَّابٌ رَحِيمٌ ﴿١٢﴾ | یقیناً اللہ ہے بڑا توبہ قبول کرنے والا اور مہربان ﴿١٢﴾ |

| | |
|---|---|
| يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ | اے انسانو! حقیقت یہ ہے کہ پیدا کیا ہے ہم نے تم کو |
| مِّنْ ذَكَرٍ وَّ اُنْثٰى | ایک مرد اور ایک عورت سے |
| وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا | پھر بنا دیا ہے ہم نے تم کو قومیں |
| وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا ؕ | اور قبیلے تاکہ تم ایک دوسرے سے پہچانے جاؤ |
| اِنَّ اَكْرَمَكُمْ | بلاشبہ تم میں زیادہ عزت والا |
| عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ ؕ | اللہ کے نزدیک وہ ہے جو تم میں زیادہ پرہیزگار ہے |
| اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ﴿۱۳﴾ | بے شک اللہ ہے ہر بات جاننے والا اور پوری طرح باخبر ﴿۱۳﴾ |
| قَالَتِ الْاَعْرَابُ اٰمَنَّا ؕ | کہتے ہیں یہ بدوی لوگ کہ ایمان لے آئے ہم |
| قُلْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا وَلٰكِنْ | ان سے کہیے! نہیں ایمان لائے تم بلکہ |
| قُوْلُوْۤا اَسْلَمْنَا | یوں کہو کہ "مسلمان" ہو گئے ہیں ہم |
| وَلَمَّا يَدْخُلِ الْاِيْمَانُ | اور ہرگز نہیں داخل ہوا ہے ابھی ایمان |
| فِیْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَاِنْ | تمہارے دلوں میں ۔ اور اگر |
| تُطِيْعُوا اللّٰهَ | تم فرمانبرداری اختیار کرو گے اللہ |
| وَرَسُوْلَهٗ لَا يَلِتْكُمْ | اور اس کے رسول کی تو نہ کمی کرے گا وہ |
| مِّنْ اَعْمَالِكُمْ شَيْـًٔا ؕ | تمہارے اعمال میں کچھ بھی |
| اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۴﴾ | بے شک اللہ ہے بہت درگزر کرنے والا اور ہر حالت میں رحم کرنے والا ﴿۱۴﴾ |

| | |
|---|---|
| إِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ | حقیقت میں مومن تو |
| الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ | وہ لوگ ہیں جو ایمان لے آئے اللہ پر |
| وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوْا | اور اس کے رسول پر پھر کوئی شک نہ کیا انہوں نے |
| وَجٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ | اور جہاد کیا اپنے مالوں |
| وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ | اور جانوں سے اللہ کی راہ میں |
| اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ﴿۱۵﴾ | یہی لوگ ہیں سچے ﴿۱۵﴾ |
| قُلْ اَتُعَلِّمُوْنَ | (اے نبیؐ ان سے کہیے: کیا جتلاتے ہو تم |
| اللّٰهَ بِدِيْنِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ | اللہ کو اپنی دین داری ؟ حالانکہ اللہ |
| يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ | جانتا ہے ہر وہ بات جو آسمانوں میں ہے |
| وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ | اور وہ جو زمین میں ہے۔ اور اللہ تو |
| بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۶﴾ | ہر چیز کا پورا علم رکھتا ہے ﴿۱۶﴾ |
| يَمُنُّوْنَ عَلَيْكَ | احسان جتاتے ہیں یہ لوگ تم پر |
| اَنْ اَسْلَمُوْا ؕ قُلْ | کہ انہوں نے اسلام قبول کرلیا۔ کہیے |
| لَّا تَمُنُّوْا عَلَيَّ اِسْلَامَكُمْ ۚ | نہ احسان جتاؤ تم مجھ پر اپنے اسلام کا |
| بَلِ اللّٰهُ يَمُنُّ عَلَيْكُمْ | بلکہ اللہ احسان رکھتا ہے تم پر |
| اَنْ هَدٰىكُمْ لِلْاِيْمَانِ | کہ اس نے ہدایت دی تمہیں ایمان کی، |
| اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۷﴾ | اگر ہو تم (اپنے دعوے میں) سچے ﴿۱۷﴾ |
| اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ | یقیناً اللہ جانتا ہے |
| غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ | ہر پوشیدہ چیز آسمانوں کی اور زمین کی۔ |
| وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸﴾ | اور اللہ دیکھ رہا ہے اسے جو تم کرتے ہو ﴿۱۸﴾ |